595	سَیِّدُنَا ھُدًی لِّلْمُؤْمِنِیْنَ صَلَّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم	ایمان والوں کیلئے ہدایت
596	سَیِّدُنَا الْھِمَّۃُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم	بامراد، بڑے کامیاب
597	سَیِّدُنَا الْوَالِدُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم	امت کے روحانی باپ
598	سَیِّدُنَا وَلِیُّ الْمُتَّقِیْنَ صَلَّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم	پرہیز گاروں کے دوست
599	سَیِّدُنَا خَیْرُ رَشِیْدٍ صَلَّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم	بہترین بھلا چاہنے والے
600	سَیِّدُنَا الرَّشِیْدُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم	سیدھا راستہ دکھانے والے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:
جو مجھ پر ایک بار درود پڑھے اللہ تعالیٰ اسکے لئے ایک قیراط اجر لکھتا ہے اور قیراط اُحد پہاڑ جتنا ہے۔ (مصنف عبدالرزاق)


حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا۔
درود شریف کے فضائل میں سے ہے کہ اس کا پڑھنے والا دنیا کی رسوائی سے محفوظ رہتا ہے اور اس کی آبرو میں کوئی کمی نہیں آتی۔ (القول الجلی فی آثار ولی)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی

اے اللہ درود اور سلام اور برکت بھیج اپنے

حَبِیْبِكَ الْمُصْطَفٰی وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ

حبیب مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر اور ان کی آل پر اور سلامتی




601	سَیِّدُنَا عَبۡلُ الزِّرَاعَیۡنِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	بھرے ہوئے بازوؤں والے
602	سَیِّدُنَا فَکَّاکُ الۡعُنَاۃِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	غلاموں کو آزاد کرنیوالے
603	سَیِّدُنَا اٰخِرُ مَاخٍ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	کمال اسلام سے بہرہ ور
604	سَیِّدُنَا اَرۡاَفُ النَّاسِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	سب سے زیادہ مشفق مہربان
605	سَیِّدُنَا اَرۡجَحُ النَّاسِ عَقۡلًا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	تمام جہان سے زیادہ عقلمند
606	سَیِّدُنَا اَرۡمَی النَّاسِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	سب سے زیادہ تیر انداز
607	سَیِّدُنَا اَرۡوَعُ مُضَرَ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	بنی مضر کی بارُعب شخصیت
608	سَیِّدُنَا اَشۡرَفُ النَّاسِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	تمام لوگوں سے زیادہ اشرف
609	سَیِّدُنَا اَطۡیَبُ النَّاسِ رِیۡحًا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	تمام لوگوں سے زیادہ خوشبودار
610	سَیِّدُنَا اَعۡدَلُ النَّاسِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	جہان سے زیادہ انصاف کرنیوالے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
نہیں ہے مومن کوئی جب تک کہ میں اسے اس کی جان و مال و اولاد اور ماں باپ اور لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔
(بخاری شریف)

حضرت مولانا فضل الرحمٰن گنج مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے درود شریف کثرت کے ساتھ پڑھا کرو جو کچھ ہم نے پایا درود سے پایا (تذکرہ مولانا فضل الرحمٰن گنج مراد آبادی۔ لیشیخ ابوالحسن علی ندوی)

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیۡبِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَبَارِكۡ وَسَلِّمۡ

اللہ تعالیٰ درود بھیجے اپنے حبیب، ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر اور آپ ﷺ کے اصحاب پر اور برکات اور سلام




نمبر	اسم	معنی
611	سَیِّدُنَا اَعَفُّ النَّاسِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	جہان سے زیادہ پاکدامن
612	سَیِّدُنَا اَغْیَرُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	سب سے زیادہ غیرت مند
613	سَیِّدُنَا اَفْصَحُ النَّاسِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	سب سے زیادہ فصاحت والے
614	سَیِّدُنَا اَنْفَعُ النَّاسِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	سب سے زیادہ نفع رساں
615	سَیِّدُنَا اَوَّلُ الْعَابِدِیْنَ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	بندگی کرنے والوں میں مقدم
616	سَیِّدُنَا اَلْبَائِسُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اللہ کے حضور عاجزی والے
617	سَیِّدُنَا اَلْحَامِدُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اللہ تعالیٰ کی تعریف کرنیوالے
618	سَیِّدُنَا حَامِلُ الْکَلِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	لوگوں کا بوجھ اٹھانے والے
619	سَیِّدُنَا اَلْحَکِیْمُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	کمال دانائی سے بہرہ ور
620	سَیِّدُنَا خَطِیْبُ الْوَافِدِیْنَ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	وفود سے خطاب فرمانے والے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
مجھ پر درود بھیجنے والے کو پل پر ایک نور عطا ہوگا اور جس کو پل پر نور عطا ہوگا وہ اہلِ دوزخ سے نہ ہوگا۔
(دلائل الخیرات۔ افضل الصلوٰت علیٰ سید السادات)

شیخ کامل امام علی متقی علیہ رحمۃ اللہ نقل کرتے ہیں جس زمانہ میں اولیاء اور مرشد نہ ملیں تو قرب الٰہی حاصل کرنے کی صورت یہ ہے کہ اتباع شریعت کرتے ہوئے درود شریف کی کثرت کرے۔
(الحکم الکبیر۔ جذب القلوب)

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْکَرِیْمِ
اللہ اپنے امی کریم نبی پر اور
وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ
ان کی آل پر اور ان کے صحابہ پر رحمت اور سلامتی نازل فرمائے




نمبر	نام	مطلب
621	سَیِّدُنَا خَیْرٌ لِاَهْلِهٖ صَلَّى اللہ علیہ وآلہ وسلم	اپنے گھر والوں کیلئے بہتر
622	سَیِّدُنَا دَآئِمُ التَّوَاضُعِ صَلَّى اللہ علیہ وآلہ وسلم	ہمیشہ انکساری میں رہنے والے
623	سَیِّدُنَا دَآئِمُ الْحُزْنِ صَلَّى اللہ علیہ وآلہ وسلم	ہمیشہ گداز قلب سے بہرہ ور
624	سَیِّدُنَا دَآئِمُ الزُّهْدِ صَلَّى اللہ علیہ وآلہ وسلم	ہمیشہ تارک دنیا رہنے والے
625	سَیِّدُنَا دَآئِمُ الطِّیْبِ صَلَّى اللہ علیہ وآلہ وسلم	ہمیشہ خوشبو سے مہکنے والے
626	سَیِّدُنَا دَآئِمُ الْعَمَلِ صَلَّى اللہ علیہ وآلہ وسلم	ہمیشہ نیکیوں پر عمل پیرا
627	سَیِّدُنَا دَلِیْلُ الْخَیْرٰتِ صَلَّى اللہ علیہ وآلہ وسلم	بھلائیوں کی دعوت دینے والے
628	سَیِّدُنَا الدَّهِیْنُ صَلَّى اللہ علیہ وآلہ وسلم	تیل میں بھیگی زلفوں والے
629	سَیِّدُنَا الرَّاثِیْ صَلَّى اللہ علیہ وآلہ وسلم	(میت کی) تعریف کرنیوالے
630	سَیِّدُنَا الرَّامِیْ صَلَّى اللہ علیہ وآلہ وسلم	ٹھکانے پر تیر مارنے والے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
تم اپنی مجلسوں کو مجھ پر درود پاک پڑھ کر مزین کرو کیونکہ تمہارا مجھ پر درود پاک پڑھنا قیامت کے دن تمہارے لئے نور ہوگا۔ (مسند الفردوس۔البرکات المکیہ)

حضرت شیخ بہاؤالدین زکریا سہروردی ملتانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے۔
دین تب ہی سلامت رہ سکتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف پڑھے۔
(رحمت کائنات۔لقاضی زاہد الحسینی)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَسَیِّدِ الْاَبْرَارِ

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد (مصطفیٰ) پر جو نوروں کے نور اور رازوں کے راز اور نیکوکاروں کے سردار




631	سَیِّدُنَا الرَّتِعُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	کثرت سے ذکر کرنے والے
632	سَیِّدُنَا الرَّجِلُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	کنگھی کئے گئے بالوں والے
633	سَیِّدُنَا رَحِیْمٌ بِالذَّبِیْحَۃِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	ذبیحہ پر رحم فرمانے والے
634	سَیِّدُنَا السَّابِطُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	کنگھی کئے گئے بالوں والے
635	سَیِّدُنَا السَّابِقُ بِالْخَیْرٰتِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	نیکیوں میں سبقت کرنیوالے
636	سَیِّدُنَا سَعْدُ الْاَسْعَدِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	نیک بختوں کے نیک بخت
637	سَیِّدُنَا سَیِّدُوُلْدِ اٰدَمَ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	تمام اولاد آدم کے سردار
638	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْحِبَرَۃِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	دھاری دار لنگی اوڑھنے والے
639	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الضِّجَاعِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	فقر غیوں کے بستر مبارک والے
640	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْفَرَجِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	تکلیف کو دور کرنے والے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے سنا کہ جو مجھ پر درود پاک پڑھے میں اس کا قیامت کے دن شفیع بنوں گا۔
(القول البدیع البرکات المکیہ ۔ ورواہ ابن شاہین)

سید شیخ علی نور الدین رحمۃ اللہ علیہ مصری فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پہنچنے کا قریب ترین راستہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا ہے۔ (افضل الصلوٰت، مطبوعہ بیروت)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ! درود بھیج آقا و مولا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر
مَّعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔
جو سخاوت و بخشش کی کان ہیں اور برکتیں نازل فرما اور سلام بھیج




641	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْمَحْشَرِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	محشر میں اونچی شان والے
642	سَیِّدُنَا صَاعِدُ الْمِعْرَاجِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	زینۂ اقدس پر چڑھنے والے
643	سَیِّدُنَا طَیِّبُ الْاَثْوَابِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	پاک صاف لباس پہننے والے
644	سَیِّدُنَا الْعَارِفُ بِاللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اللہ تعالیٰ کو پہچاننے والے
645	سَیِّدُنَا عَبْدُ الْمَجِیْدِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اللہ بزرگ و برتر کے بندے
646	سَیِّدُنَا عِصْمَةُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اللہ تعالیٰ کی طرف سے محفوظ
647	سَیِّدُنَا عِمَادُ قُبَّةِ الْوُجُوْدِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	کائنات کے گنبد کے ستون
648	سَیِّدُنَا الْاَغْیَرُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	سب سے زیادہ غیرت مند
649	سَیِّدُنَا قَاسِمُ التَّمَرِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	کھجوروں کے تقسیم کرنیوالے
650	سَیِّدُنَا قَاسِمُ الْخَیْرٰتِ الْحَسَنٰتِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	عمدہ نیکیوں کو تقسیم کرنیوالے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
جو شخص مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجتا ہے۔
(مسلم عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ)

حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میری والدہ ماجدہ حضرت بی بی زلیخا رحمۃ اللہ علیہا کو ان کی زندگی میں جب کوئی ضرورت پیش آتی تو وہ پانچ سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنا دامن پھیلا کر دعا مانگتی تھی اور جو چاہتی تھیں مل جاتا تھا۔
(اخبار الاخیار لشیخ عبدالحق محدث دہلوی)

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
صَلٰوةً وَّسَلَامًا عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ

اللہ تعالیٰ درود بھیجے نبی امی پر اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر
یارسول اللہ! ہم آپ پر خوب صلوٰۃ والسلام پیش کرتے ہیں




651	سَیِّدُنَا قَاسِمُ الْفَيْئِ صَلَّى اللہ علیہ وآلہ وسلّم	مال فئ تقسیم کرنے والے
652	سَیِّدُنَا اَلْقَاصُّ عَلَى الْمِنْبَرِ صَلَّى اللہ علیہ وآلہ وسلّم	منبر پر خطبہ دینے والے
653	سَیِّدُنَا قَاصِرُ الصَّلٰوةِ صَلَّى اللہ علیہ وآلہ وسلّم	سفر میں نماز قصر کرنیوالے
654	سَیِّدُنَا قَاطِعُ يَدَ سَارِقٍ صَلَّى اللہ علیہ وآلہ وسلّم	چور کا ہاتھ کاٹنے والے
655	سَیِّدُنَا قَائِدُ الصَّابِرِیْنَ صَلَّى اللہ علیہ وآلہ وسلّم	صبر کرنے والوں کے رہنما
656	سَیِّدُنَا قَائِدُ الْغُرِّ صَلَّى اللہ علیہ وآلہ وسلّم	روشن پیشانی والوں کے قائد
657	سَیِّدُنَا كَاتِبُ الْاَمَانِ صَلَّى اللہ علیہ وآلہ وسلّم	امان لکھ کر دینے والے
658	سَیِّدُنَا كَاتِبُ الصُّلْحِ صَلَّى اللہ علیہ وآلہ وسلّم	صلح کا معاہدہ لکھنے والے
659	سَیِّدُنَا كَاشِفُ الظَّهْرِ صَلَّى اللہ علیہ وآلہ وسلّم	پیٹھ مبارک ننگی کرنے والے
660	سَیِّدُنَا كَثِیْرُ الْبَشَارَاتِ صَلَّى اللہ علیہ وآلہ وسلّم	زیادہ بشارتیں دینے والے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
جو شخص مجھ پر ایک بار درود پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل کرے گا، اس کے دس گناہ معاف اور دس درجات بڑھیں گے اور دس نیکیاں اس کے نامۂ اعمال میں لکھی جائیں گی۔
(نسائی، معجم کبیر، طبرانی)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا:
دُعا زمین و آسمان کے درمیان معلق رہتی ہے اوپر نہیں جاتی جب تک کہ اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود نہ پڑھو۔ (ترمذی)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْهُ
الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اے اللہ درود بھیج محمد مصطفیٰ ﷺ پر اور آپکو قیامت کے دن اپنی بارگاہ میں قرب والی منزلت عطا فرما




661	سَیِّدُنَا کَثِیْرُ التَّفَکُّرِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	زیادہ غور وفکر کرنے والے
662	سَیِّدُنَا کَثِیْرُ شَعْرِ اللِّحْیَةِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	زیادہ موئے ریش مبارک والے
663	سَیِّدُنَا کَثِیْرُ الصُّفُوْحِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	بے پناہ درگزر کرنے والے
664	سَیِّدُنَا کَثِیْرُ الْخُدَّامِ مِنَ الْمَوَالِیْ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	زیادہ آزاد شدہ غلاموں والے
665	سَیِّدُنَا کَثِیْرُ الْعَفْوِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	کثرت سے معاف فرمانیوالے
666	سَیِّدُنَا کٓھٰیٰعٓصٓ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	ک۔ہا۔یا۔ع۔ص
667	سَیِّدُنَا اللَّاحِقُ بِاللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اللہ تعالیٰ سے ملنے والے
668	سَیِّدُنَا اللَّاقِیْ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرنیوالے
669	سَیِّدُنَا الْمُتَوَسِّطُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	میانہ روی اختیار کرنے والے
670	سَیِّدُنَا الْمُتَوَکِّلُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اللہ پر بھروسہ کرنے والے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
سب سے زیادہ قیامت کے روز میرے ساتھ اس کو قرب ہوگا جو مجھ پر کثرت سے درود پڑھتا ہوگا۔ (ترمذی۔ابن حبان)

سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔
نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے سے گناہ اس طرح مٹ جاتے ہیں جس طرح ٹھنڈے پانی سے (پیاس یا آگ بجھتی ہے) اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا غلام آزاد کرنے سے زیادہ افضل ہے۔(تفسیر درمنثور جلد 6 الشفاء قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ)

اَللّٰهُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
اللہ عزوجل حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رب ہے۔

نَحْنُ عِبَادُ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
ہم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام ہیں۔



671	سَیِّدُنَا مُثَبِّتُ الْقَدَمَیْنِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	پاؤں پر جمے رہنے والے
672	سَیِّدُنَا الْمُجَاهِدُ بِالْمَالِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	مال سے جہاد کرنے والے
673	سَیِّدُنَا الْمُجْتَهِدُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	دین میں پوری کوشش کرنیوالے
674	سَیِّدُنَا الْمُحَافِظُ عَلَى الصَّلَوٰتِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	نمازوں کی حفاظت کرنیوالے
675	سَیِّدُنَا الْمُحِبُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	مخلوق خدا سے پیار کرنیوالے
676	سَیِّدُنَا الْمُحِیْدُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	دوزخ سے دور لیجانیوالے
677	سَیِّدُنَا الْمُخَالِطُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	مل جُل کر رہنے والے
678	سَیِّدُنَا مُخْبِرُ الْغَیْبِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	غائب کی خبر دینے والے
679	سَیِّدُنَا الْمُخْتَمُّ بِالنُّبُوَّةِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	ختم نبوت کی مہر والے
680	سَیِّدُنَا الْمُخِفُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	ہلکی پھلکی نماز پڑھنے والے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
جو شخص مجھ پر ایک بار درود پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل کرے گا، اس کے دس گناہ معاف اور دس درجات بڑھیں گے اور دس نیکیاں اس کے نامۂ اعمال میں لکھی جائیں گی۔ (نسائی، معجم کبیر، طبرانی)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔
دُعا زمین و آسمان کے درمیان معلق رہتی ہے اوپر نہیں جاتی جب تک کہ اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود نہ پڑھو (ترمذی)

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا
عَلٰى حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

اے میرے مولیٰ ہمیشہ ہمیشہ درود اور سلام بھیج
اپنے حبیب پر جو سب مخلوق سے بہترین ہیں




681	سَیِّدُنَا مُدَّخِرُ الدَّعْوَةِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلم	دعاؤں کا توشہ رکھنے والے
682	سَیِّدُنَا مُدْمِنُ الْعَمَلِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلم	عمل پر مداومت کرنے والے
683	سَیِّدُنَا الْمُرَابِطُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلم	جہاد کی تیاری کرنے والے
684	سَیِّدُنَا الْمُرْغِمَةُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلم	کفر کو خاک آلود کرنیوالے
685	سَیِّدُنَا مُسَوِّی الصُّفُوْفِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلم	صفوں کو سیدھا کرنے والے
686	سَیِّدُنَا الْمُشَبِّكُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلم	انگلیوں میں تشبیک دینے والے
687	سَیِّدُنَا الْمُشْفِقُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلم	خدا کا خوف کھانے والے
688	سَیِّدُنَا الْمُصَلِّیْ بِبَدْرٍ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلم	بدر میں نماز پڑھنے والے
689	سَیِّدُنَا الْمُصَلِّیْ بِمَدْیَنَ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلم	مدین میں نماز پڑھنے والے
690	سَیِّدُنَا الْمُضْطَبِعُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلم	طواف میں اضطباع کرنیوالے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔
کثرت سے ذکر کرنا اور مجھ پر درود بھیجنا تنگ دستی کو ختم کرتا ہے۔
(القول البدیع فی الصلوٰۃ الحبیب الشفیع)

سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔
نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے سے گناہ اس طرح مٹ جاتے ہیں جس طرح ٹھنڈے پانی سے (پیاس یا آگ بجھتی ہے) اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا غلام آزاد کرنے سے افضل ہے۔
(تفسیر در منثور جلد 6 الشفاء قاضی عیاض رضی اللہ عنہ)

جَزَى اللّٰهُ عَنَّا سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا
اللہ تعالیٰ ہماری طرف سے ہمارے آقا و مولیٰ
مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هُوَ اَهْلُهٗ
محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ بدلہ دے جس کے وہ اہل ہیں



691	سَیِّدُنَا الْمُطَّلِعُ عَلَی الصَّحَابَۃِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	صحابہ پر نمودار ہونے والے
692	سَیِّدُنَا الْمُعَبِّؤُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	فوج کو ترتیب دینے والے
693	سَیِّدُنَا الْمُعْتِقُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	غلاموں کو آزاد کرنے والے
694	سَیِّدُنَا الْمَعْرُوْفُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	جنہیں کل کائنات جانتی ہے
695	سَیِّدُنَا الْمُعَلِّمُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	(ظاہری و باطنی) علم سکھانے والے
696	سَیِّدُنَا الْمُغْضَبُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	برائی پر ناراض ہونے والے
697	سَیِّدُنَا الْمُغَیِّرُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	برے نام بدل دینے والے
698	سَیِّدُنَا مُقِیْلُ الْعَثَرَاتِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	لغزشوں سے درگذر کرنیوالے
699	سَیِّدُنَا مُقِیْمُ الْحُدُوْدِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	حدوں کو قائم کرنے والے
700	سَیِّدُنَا الْمُکْتَفِیْ بِاللّٰہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرنیوالے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
جب کوئی شخص مجھ پر سلام بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ میری روح مجھ پر واپس کر دیتا ہے یہاں تک کہ میں اس کے سلام کا جواب دیتا ہوں۔ (ابوداؤد)

حضرت جبرئیل علیہ السلام نے فرمایا۔
وہ شخص رسوائی کا شکار ہو جس کے سامنے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر ہو اور وہ آپ پر درود نہ بھیجے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جواب میں فرمایا آمین۔ (نزار۔ جلاء الافہام)

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً وَّ
سَلَامًا عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (border, repeated)

701	سَیِّدُنَا الْمُلْحَقُ بِالرَّفِیْقِ الْاَعْلٰی صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	رفیق اعلیٰ کیساتھ ملے ہوئے
702	سَیِّدُنَا الْمُمْهِلُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	کفار کو ڈھیل دینے والے
703	سَیِّدُنَا الْمُنْتَقِمُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	اللہ کیلئے انتقام لینے والے
704	سَیِّدُنَا الْمُنْقِذُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	دوزخ سے رہائی دلانے والے
705	سَیِّدُنَا الْمُنِیْبُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	اللہ کی طرف رجوع کرنیوالے
706	سَیِّدُنَا الْمُهَاجِرُ اِلَی اللّٰہِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	اللہ کی طرف ہجرت کرنیوالے
707	سَیِّدُنَا الْمُیَسَّرُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	دین میں آسانی دیئے گئے
708	سَیِّدُنَا نَبِیُّ الْاَحْمَرِ وَالْاَسْوَدِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	سفید و سیاہ لوگوں کے پیغمبر
709	سَیِّدُنَا الْمُقْرِعُ بَابَ الْجَنَّةِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	جنت کا دروازہ کھٹکھٹانے والے
710	سَیِّدُنَا اَثْبَتُ النَّاسِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	تمام جہان سے زیادہ ثابت قدم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
حضرت عائشہ صدیقہ طاہرہ رضی اللہ عنہا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد نقل فرماتی ہیں کہ جو شخص مجھ پر درود شریف بھیجتا ہے تو ایک فرشتہ اس درود کو لے کر اللہ جل شانہ کی بارگاہِ مقدس میں پیش کرتا ہے وہاں سے ارشاد عالی ہوتا ہے کہ اس درود کو میرے بندہ کی قبر کے پاس لیجاؤ یہ اس کیلئے استغفار کرے گا اور اس کی وجہ سے اس کی آنکھ ٹھنڈی ہوگی۔

(مسند الفردوس، القول البدیع)

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ تمام دعائیں رکی رہتی ہیں جب تک محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ علیہ السلام کی آل پر درود نہ پڑھو۔ (معجم اوسط طبرانی)

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

رحمت فرمائے اللہ تعالیٰ اپنے حبیب اور ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور

وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ○

ان کی آل اور ان کے صحابہ پر اور سلامتی فرمائے


711	سَیِّدُنَا اَجرَاُ النَّاسِ صَدرًا صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	تمام جہان سے زیادہ جرات مند
712	سَیِّدُنَا اَحسَنُ النَّاسِ عُنُقًا صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	تمام لوگوں سے حسین گردن والے
713	سَیِّدُنَا الْاَخْشٰی لِلّٰہِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	اللہ تعالیٰ سے زیادہ ڈرنے والے
714	سَیِّدُنَا اَرحَمُ النَّاسِ بِالْعِیَالِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	اپنے اہل وعیال کیساتھ رحم کرنیوالے
715	سَیِّدُنَا الْاَشَدُّ حَیَاءً صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	بے پناہ شان حیا کے پیکر
716	سَیِّدُنَا بِکرُ اٰمِنَۃَ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	آمنہ رضی اللہ عنہا کے اکلوتے لال
717	سَیِّدُنَا تَارِکُ الثَّقَلَیْنِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	دو بھاری چیزیں چھوڑ کر جانیوالے
718	سَیِّدُنَا حَمَّاطَیَا صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	حرم شریف سے شرک دور کرنیوالے
719	سَیِّدُنَا خَیرُ الْخِنْدِفِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	اپنی جدۂ کریمہ کے بہترین پوتے
720	سَیِّدُنَا دَائِمُ الطَّاعَۃِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	ہمیشہ اپنے رب کی اطاعت کرنیوالے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
کہ مجھ پر درود کثرت سے پڑھا کرو کہ وہ تمہارے لئے پاکیزگی کا ذریعہ ہے۔(القول البدیع، ابویعلی موصلی)

جب حضرت حوا علیہا السلام پیدا ہوئیں حضرت آدم علیہ السلام نے ان پر ہاتھ بڑھانا چاہا، فرشتوں نے کہا صبر کرو جب تک نکاح نہ ہوجائے اور مہر ادا نہ کرو حضرت آدم علیہ السلام نے پوچھا، مہر کیا ہے۔
فرشتوں نے کہا کہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر تین مرتبہ درود پڑھنا۔
ایک روایت میں بیس بار پڑھنا آیا ہے۔
(مدارج النبوۃ۔زاد السعید)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْہُ
اَلْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

اے اللہ درود بھیج محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آپکو قیامت کے دن اپنی بارگاہ میں قرب والی منزلت عطا فرما



نمبر	اسم مبارک	معنی
721	سَیِّدُنَا دَآئِمُ الْفِکْرِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	ہمیشہ سوچ (مراقبہ) میں رہنے والے
722	سَیِّدُنَا الرَّاجِفُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	خدا کے خوف سے کانپنے والے
723	سَیِّدُنَا رَاکِبُ النَّجِیْبِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	عمدہ اونٹ کی سواری کرنے والے
724	سَیِّدُنَا رَاقِ الْمِنْبَرِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	منبر پر قدم مبارک رکھنے والے
725	سَیِّدُنَا الرَّاوِیْ عَنْ رَّبِّهٖ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اپنے رب سے روایت کرنیوالے
726	سَیِّدُنَا رَجِلُ الرَّأْسِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	کنگھی کئے گئے سر مبارک والے
727	سَیِّدُنَا رَحْمَةٌ مُّهْدَاةٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	مخلوق کیلئے خدا کا انعام رحمت
728	سَیِّدُنَا رَحِیْمٌ بِالْخَلْقِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	مخلوق کے ساتھ پیار کرنیوالے
729	سَیِّدُنَا رَحِیْمٌ بِالطُّیُوْرِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	پرندوں کے ساتھ پیار کرنیوالے
730	سَیِّدُنَا رَحِیْمٌ بِالْمُؤْمِنِیْنَ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	مومنوں کے ساتھ پیار کرنیوالے

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد نقل فرمایا ہے کہ جو شخص صبح اور شام دس دس مرتبہ درود شریف پڑھے اس کو قیامت کے دن میری شفاعت پہنچ کر رہے گی۔

(طبرانی، القول البدیع، فضائل درود شریف)

حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو وحی فرمائی کہ تم چاہتے ہو کہ قیامت کے روز تم کو پیاس نہ لگے۔ عرض کیا ہاں۔ ارشاد ہوا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود کی کثرت کرو۔ (حاشیہ الحزب۔ زاد السعید ص 10)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَسَلِّمْ

ترجمہ: اے اللہ درود اور سلام بھیج ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آپ کی آل پر

نمبر	نام	معنی
731	سَیِّدُنَا رَحِیْمٌ بِالْبَهَائِمِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	چوپایوں کے ساتھ پیار کرنیوالے
732	سَیِّدُنَا الرِّضَآءُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اللہ تعالیٰ پر راضی رہنے والے
733	سَیِّدُنَا عَامِرُ کَعْبَةِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اللہ کے کعبہ کو آباد کرنیوالے
734	سَیِّدُنَا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	امن دینے والے خدا کے بندے
735	سَیِّدُنَا الْغَامِسُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	ٹھنڈے پانی میں ہاتھ ڈبونے والے
736	سَیِّدُنَا الْقَائِتُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اپنے اہل وعیال پر خرچ کرنیوالے
737	سَیِّدُنَا قَائِدُ الْاَنْبِیَآءِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	انبیاء کرام علیہم السلام کے پیشوا
738	سَیِّدُنَا قَیِّمُ السُّنَّةِ الْعِوَجَاءِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	ٹیڑھی سنت کو سیدھا کرنیوالے
739	سَیِّدُنَا قَیِّمُ الْمِلَّةِ الْعِوَجَاءِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	ٹیڑھی ملت کو سیدھا کرنیوالے
740	سَیِّدُنَا کَاتِبُ الْمَعْدُوْمِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	بیکاروں کو کما کر دینے والے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
اللہ جل شانہ نے ایک فرشتہ میری قبر پر مقرر کر رکھا ہے جس کو ساری مخلوق کی باتیں سننے کی قدرت عطا فرما رکھی ہے یعنی جو شخص بھی مجھ پر قیامت تک درود بھیجتا رہے گا وہ فرشتہ مجھ کو اس کا اور اس کے باپ کا نام لیکر درود پہنچاتا ہے کہ فلاں شخص جو فلاں کا بیٹا ہے اس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجا ہے۔
(القول البدیع، رواہ البذار کذا فی الترغیب)

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ تمام دعائیں رکی رہتی ہیں جب تک محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ علیہ السلام کی آل پر درود نہ پڑھو۔
(معجم اوسط طبرانی)


اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰٓی اَفْضَلِ حَبِیْبِكَ النَّبِیِّ
اے اللہ اپنے افضل حبیب عظیم نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
الْعَظِیْمِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ ۝
پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے صحابہ پر درود اور سلام بھیج

نمبر	نام	معنی
741	سَیِّدُنَا کَاشِفُ الدُّجٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اندھیروں کو روشن کرنے والے
742	سَیِّدُنَا کَاشِفُ الْوَجْہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	چہرہ انور کا دیدار دینے والے
743	سَیِّدُنَا کَثِیْرُ الْاَتْبَاعِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	بیشمار پیروی کرنے والوں کے آقا
744	سَیِّدُنَا کَثِیْرُ الْاَسْمَاءِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	حد شمار سے زیادہ ناموں والے
745	سَیِّدُنَا کَثِیْرُ الْبُکَآءِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	بے پناہ گریہ کی شان والے
746	سَیِّدُنَا کَثِیْرُ الصَّلٰوۃِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	بہت زیادہ نمازیں ادا کرنے والے
747	سَیِّدُنَا کَلِیْمُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اللہ کیساتھ ہم کلام ہونے والے
748	سَیِّدُنَا اللَّائِمُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	گناہوں پر لوگوں کو ملامت کرنیوالے
749	سَیِّدُنَا الْمَامُوْرُ مِنَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	بارگاہِ الٰہی سے حکم پانے والے
750	سَیِّدُنَا مُبَارَکُ اَحْمَدُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	بابرکت ہستی احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے۔
جب تمہیں کوئی چیز بھول جائے تو مجھ پر درود بھیجو انشاء اللہ وہ چیز یاد آ جائے گی۔
(القول البدیع۔ص 326۔سخاوی)

سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔
نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے سے گناہ اس طرح مٹ جاتے ہیں جس طرح ٹھنڈے پانی سے (پیاس یا آگ بجھتی ہے) اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا غلام آزاد کرنے سے افضل ہے۔ (تفسیر در منثور جلد 6 الشفاء قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی
اے اللہ درود اور سلام اور برکت بھیج اپنے
حَبِیْبِكَ الْمُصْطَفٰی وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ۔
حبیب مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور ان کی آل پر اور سلامتی



نمبر	اسم مبارک	معنی
751	سَیِّدُنَا الْمُثَبِّتُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	(مومنین) کو ثابت قدم رکھنے والے
752	سَیِّدُنَا الْمُجَاهِدُ بِالْقُرْاٰنِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	قرآن کے ذریعہ جہاد کرنے والے
753	سَیِّدُنَا الْمُجَاهِدُ بِاللِّسَانِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	زبان کے ساتھ جہاد کرنے والے
754	سَیِّدُنَا الْمُجَاهِدُ بِالنَّفْسِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	جان کے ساتھ جہاد کرنے والے
755	سَیِّدُنَا مُحَرِّمُ الْمَدِیْنَةِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	مدینہ منورہ کو حرم بنانے والے
756	سَیِّدُنَا الْمُخْتَصُّ بِالْقُرْاٰنِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	قرآن کریم کیلئے مخصوص کئے گئے
757	سَیِّدُنَا الْمُخْلِصُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اللہ تعالیٰ کی خالص عبادت کرنیوالے
758	سَیِّدُنَا الْمُرَتِّلُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	ترتیل کے ساتھ قرآن پڑھنے والے
759	سَیِّدُنَا الْمَرْعُوْبُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	خدا کے رُعب میں رہنے والے
760	سَیِّدُنَا مُرَفِّعُ ذِیْ حَاجَةٍ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	حاجتمندوں کی حاجتیں برلانے والے


رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
جس کے سامنے میرا ذکر آئے اس کو چاہیے کہ مجھ پر درود پڑھے۔ (نسائی، معجم اوسط طبرانی، ابویعلی موصلی، عمل الیوم واللیلۃ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا معمول تھا کہ وہ جب بھی کسی سفر کیلئے روانہ ہونے لگتے یا سفر سے واپس آتے تو پہلے قبر انور پر حاضر ہوتے اور ہر بار درود پیش کرتے پھر دعا مانگ کر وہاں سے ہٹتے۔

(القول البدیع ص 304)

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

اللہ تعالیٰ درود بھیجے اپنے حبیب، ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب پر اور برکات اور سلام




نمبر	اسم	معنی
761	سَیِّدُنَا الْمُسَبِّحُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	ہر دم تسبیح الٰہی میں مشغول
762	سَیِّدُنَا الْمُسْرٰی بِہٖ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	رات کو معراج پر بلائے گئے
763	سَیِّدُنَا الْمُسْهِمُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	مال غنیمت کو تقسیم کرنے والے
764	سَیِّدُنَا الْمُشَبَّهُ بِاِبْرَاهِیْمَ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ہمشکل
765	سَیِّدُنَا الْمَصْعُوْدُ اِلَی السَّمَآءِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	آسمان کی طرف لے جائے گئے
766	سَیِّدُنَا الْمَصْعُوْدُ اِلَی اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اللہ کی طرف لے جائے گئے
767	سَیِّدُنَا الْمُصَلِّیْ بِبَیْتِ لَحْمٍ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	بیت لحم میں نماز پڑھنے والے
768	سَیِّدُنَا الْمُصَلِّیْ بِطَیْبَۃَ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	مدینہ منورہ میں نماز پڑھنے والے
769	سَیِّدُنَا الْمُصَلِّیْ فِیْ جَوْفِ الْکَعْبَۃِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	خانہ کعبہ میں نماز پڑھنے والے
770	سَیِّدُنَا الْمُضَرِیُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	قبیلہ مضر سے تعلق رکھنے والے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
کہ مجھ پر درود کثرت سے پڑھا کرو کہ وہ تمہارے لئے پاکیزگی کا ذریعہ ہے۔
(القول البدیع، ابو یعلی موصلی)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔
دُعا زمین و آسمان کے درمیان معلق رہتی ہے اوپر نہیں جاتی جب تک کہ اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود نہ پڑھو (ترمذی)

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْکَرِیْمِ
اللہ اپنے امی کریم نبی پر اور
وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ط
ان کی آل پر اور ان کے صحابہ پر رحمت اور سلامتی نازل فرمائے




771	سَیِّدُنَا مِطْعَامُ مَسْغَبَۃٍ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	بھوکوں کو بہت کھانا کھلانے والے
772	سَیِّدُنَا الْمُعْتَصِمُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	دین کو مضبوطی سے پکڑنے والے
773	سَیِّدُنَا الْمُعْتَرِفُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	ساری حقیقتوں کا اعتراف کرنیوالے
774	سَیِّدُنَا الْمُقَاتِلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	اللہ کے راستے میں جہاد کرنیوالے
775	سَیِّدُنَا الْمُقْنِعُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	دعاء کیلئے سر کو اٹھانے والے
776	سَیِّدُنَا الْمُقَوِّمُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	خون بہا کی قیمت مقرر کرنیوالے
777	سَیِّدُنَا الْمُکِبُّ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	اللہ تعالیٰ کے آگے جھکنے والے
778	سَیِّدُنَا الْمُکَبِّرُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	اللہ تعالیٰ کی بڑائی بیان کرنیوالے
779	سَیِّدُنَا الْمَکْتُوْبُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	اگلی کتابوں میں ذکر کئے گئے
780	سَیِّدُنَا الْمُکَلَّمُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	جن سے اللہ تعالیٰ ہمکلام ہوا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
جس کے سامنے میرا ذکر آئے اس کو چاہیے کہ مجھ پر درود پڑھے۔
(نسائی۔ معجم اوسط طبرانی، ابویعلی موصلی، عمل الیوم واللیلۃ)

حضرت جبرئیل علیہ السلام نے فرمایا۔
وہ شخص رسوائی کا شکار ہو جس کے سامنے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر ہو اور وہ آپ پر درود نہ بھیجے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جواب میں فرمایا آمین۔ (نزار۔ جلاء الافہام)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرِ الْاَنْوَارِ
وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَسَیِّدِ الْاَبْرَارِ


ترجمہ: اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد (مصطفیٰ) پر جو نوروں کے نور اور رازوں کے راز اور نیکوکاروں کے سردار



781	سَيِّدُنَا الْمُنْتَهِرُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	برائی پر سختی سے ڈانٹنے والے
782	سَيِّدُنَا الْمُنْفِقُ عَلٰى اَهْلِهٖ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اپنے اہل وعیال پر خرچ کرنیوالے
783	سَيِّدُنَا الْمُهَاجِرُ اِلٰى طَيْبَةَ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	طیبہ کی طرف ہجرت کرنے والے
784	سَيِّدُنَا الْمُهَلِّلُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	لا الٰہ الا اللہ پڑھنے والے
785	سَيِّدُنَا النَّبِيُّ الْمَكْتُوْبُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اگلی کتابوں میں ذکر فرمائے گئے
786	سَيِّدُنَا الْهَجُوْدُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	تہجد کے زیادہ نفل پڑھنے والے
787	سَيِّدُنَا الْاَعْرَبُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	سب سے زیادہ واضح گفتگو کرنیوالے
788	سَيِّدُنَا اللَّازِمُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اللہ کی بندگی کو لازم کرنے والے
789	سَيِّدُنَا الْمُجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اللہ کے راستے میں جہاد کرنے والے
790	سَيِّدُنَا مُحِبُّ الْحَسَنِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	حضرت حسن علیہ السلام سے پیار کرنیوالے

حضور دہر میں آسودگی نہیں ملتی
تلاش جس کی ہے وہ بندگی نہیں ملتی


علامہ اقبال علیہ الرحمۃ



791	سَیِّدُنَا مُحِبُّ الْحُسَیْنِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	حضرت حسین علیہ السلام سے پیار کرنیوالے
792	سَیِّدُنَا مُحِبُّ عَلِیٍّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	حضرت علی علیہ السلام سے محبت کرنیوالے
793	سَیِّدُنَا مُحِبُّ فَاطِمَةَ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	حضرت فاطمہ علیہا السلام سے محبت کرنیوالے
794	سَیِّدُنَا الْمُخْتَصُّ بِاٰیٰتٍ لَا تَنْقَطِعُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	نہ ختم ہونیوالے معجزوں کیساتھ مخصوص کئے گئے
795	سَیِّدُنَا الْمَرْزُوْقُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	جنہیں رزق کے سرچشمے عطا ہوئے
796	سَیِّدُنَا الْمُسْتَجِیْرُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اللہ تعالیٰ کی پناہ میں رہنے والے
797	سَیِّدُنَا الْمُسْتَرْسِلُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	ٹھہر ٹھہر کر تلاوتِ قرآن کرنے والے
798	سَیِّدُنَا الْمُسْتَغْنِیْ بِاللّٰہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	بارگاہ الٰہی سے شان غنا پانے والے
799	سَیِّدُنَا الْمُصَلّٰی عَلَیْهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	جن پر کائنات ساری درُود بھیجتی ہے
800	سَیِّدُنَا الْمُضَحِّیْ بِیَدِهٖ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اپنے دست مبارک سے قربانی کرنے والے

تو غنی از ہر دو عالم من فقیر
روز محشر عذر ہائے من پذیر

علامہ اقبال علیہ الرحمۃ




801	سَیِّدُنَا اَبْذَلُ النَّاسِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	کل جہان سے زیادہ سخاوت کرنے والے
802	سَیِّدُنَا اَحْلَمُ النَّاسِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	کائنات میں سب سے زیادہ حلیم وبردبار
803	سَیِّدُنَا اُحَیْدُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	لوگوں کو دوزخ سے دور رکھنے والے
804	سَیِّدُنَا اَزْهَدُ النَّاسِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	انسانوں میں سب سے بڑھ کر زاہد
805	سَیِّدُنَا اَعْرَبُ الْعَرَبِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	تمام عرب سے زیادہ عربی جاننے والے
806	سَیِّدُنَا اَفْصَحُ الْعَرَبِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	عرب میں سب سے بڑھ کر فصیح
807	سَیِّدُنَا اَوْفَى النَّاسِ ذِمَامًا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	تمام جہان سے زیادہ وعدہ وفا کرنیوالے
808	سَیِّدُنَا بِاَبِیْ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	ہمارے ماں باپ آپ پر قربان ہوں
809	سَیِّدُنَا دَآئِمُ الْبُكَآءِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	ہمیشہ امت کے غم میں رونے والے
810	سَیِّدُنَا دَآئِمُ التَّوَكُّلِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	ہمیشہ اپنے رب پر بھروسہ رکھنے والے

گر تو ی تیغ حسام ناگزیر

از نگاہ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پنہاں بگیر


علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ



نمبر	نام	معنی
811	سَیِّدُنَا دَآئِمُ الرِّضَآءِ صَلَّى اللهُ عليه وآله وسلّم	ہمیشہ رضائے الٰہی پر خوش رہنے والے
812	سَیِّدُنَا الْغَارِفُ صَلَّى اللهُ عليه وآله وسلّم	چلّو بھر کر علم تقسیم کرنے والے
813	سَیِّدُنَا الْکَبِیْرُ صَلَّى اللهُ عليه وآله وسلّم	ہر طرح بڑائی کی شان رکھنے والے
814	سَیِّدُنَا کَثِیْرُ الْاِسْتِغْفَارِ صَلَّى اللهُ عليه وآله وسلّم	امت کیلئے بہت زیادہ استغفار کرنیوالے
815	سَیِّدُنَا الْمَطْلُوْبُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ صَلَّى اللهُ عليه وآله وسلّم	جن کو قیامت کے دن ڈھونڈا جائیگا
816	سَیِّدُنَا الْمُعَزُّ بِکَلِمَةِ الْاِخْلَاصِ صَلَّى اللهُ عليه وآله وسلّم	کلمہ توحید کے ساتھ عزت دیئے گئے
817	سَیِّدُنَا الْمُقَاتِلُ اَوَّلَ النَّهَارِ صَلَّى اللهُ عليه وآله وسلّم	دن کے پہلے حصہ میں جہاد کرنیوالے
818	سَیِّدُنَا الْمُلِحُّ عَلٰی رَبِّهٖ صَلَّى اللهُ عليه وآله وسلّم	اپنے رب کی بارگاہ میں زاری کرنیوالے
819	سَیِّدُنَا مُلَقَّی الْقُرْاٰنِ صَلَّى اللهُ عليه وآله وسلّم	بارگاہِ الٰہی سے قرآن کریم پانے والے
820	سَیِّدُنَا الْمُلْهَمُ مِنَ اللهِ صَلَّى اللهُ عليه وآله وسلّم	اللہ کی طرف سے الہام عطا فرمائے گئے

اے بادِ صبا کملی والے سے جا کہیو پیغام مرا
قبضے سے امت بیچاری کے دیں بھی گیا دنیا بھی گئی

علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ



821	سَیِّدُنَا الْمُؤْتِی بِمَقَاتِیحَ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	تمام جہان کی کنجیاں عطا کئے گئے
822	سَیِّدُنَا الْمُهَاجِرُ اِلَی الْمَدِیْنَةِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کرنے والے
823	سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	کائنات میں سب سے بڑھ کر تعریف کے لائق
824	سَیِّدُنَا الْاٰخِذُ بِالْحُجُزَاتِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	کولہوں سے پکڑ کر دوزخ سے روکنے والے
825	سَیِّدُنَا بِاَبِیْ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	ہمارے ماں باپ آپ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم پر قربان ہوں
826	سَیِّدُنَا الْحَائِدُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	اُمت کو آگ سے دور لے جانے والے
827	سَیِّدُنَا الْخَازِنُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	جنہیں اللہ تعالیٰ نے سب خزانے دیئے ہیں
828	سَیِّدُنَا دَائِمُ الشَّوْقِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	ہمیشہ اپنے رب کی ملاقات کا شوق کرنیوالے
829	سَیِّدُنَا کَثِیْرُ الشُّعَرَاءِ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	جس سے محبت رکھنے والے بے حساب شعراء ہیں
830	سَیِّدُنَا الْمُتَّبَعُ صَلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	ہمارے سردار احکام خداوندی کی پیروی کرنیوالے


گراں جو مجھ پہ یہ ہنگامۂ زمانہ ہوا
جہاں سے باندھ کے رختِ سفر روانہ ہوا
علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نمبر	اسم مبارک	معنی
831	سَیِّدُنَا الْمُسْتَرْجِعُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	مصیبت میں وَاِنَّآاِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ پڑھنے والے
832	سَیِّدُنَا الْمُسْتَرْزِقُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اللہ تعالیٰ سے مخلوق کیلئے رزق مانگنے والے
833	سَیِّدُنَا الْمُسَلَّمُ عَلَیْہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اللہ تعالیٰ کی طرف سے سلام کئے گئے
834	سَیِّدُنَا الْمُصَلِّیْ عَلٰی نَفْسِہٖ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اپنی ذات اقدس پر خود درُود بھیجنے والے
835	سَیِّدُنَا الْمُضَحِّیْ عَنْ اَزْوَاجِہٖ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اپنی بیویوں کی طرف سے قربانی کرنیوالے
836	سَیِّدُنَا الْمُضَحِّیْ عَنْ اُمَّتِہٖ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اپنی امت کی طرف سے قربانی کرنیوالے
837	سَیِّدُنَا الْمُعَزُّ بِاللّٰہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	اللہ تعالیٰ کی طرف سے عزت دیئے گئے
838	سَیِّدُنَا مُعْطَی الْمَفَاتِیْحَ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	(زمین کے خزانوں کی) کنجیاں عطا کئے گئے
839	سَیِّدُنَا مُوَبِّخُ الْعَالَمِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	سب دنیا کو برائی پر سرزنش فرمانے والے
840	سَیِّدُنَا الْمُؤْتَمَنُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	کائنات میں سب سے بڑھ کر امین ہستی

نمود شام و سحر میں بسر تو کی لیکن
نظام کہنہ عالم سے آشنا نہ ہوا


علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ



841	سَیِّدُنَا اَحلَاهُم کَلَامًا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	لوگوں میں سے سب سے زیادہ شیریں کلام والے
842	سَیِّدُنَا اَحْمَدُ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کی صفات بیان کرنیوالے
843	سَیِّدُنَا الْاٰخِرُ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	سب انبیاء علیہم السلام سے آخر میں آنے والے
844	سَیِّدُنَا اَکْثَرُ النَّاسِ تَبَعًا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	وہ ہستی جس کے پیروکار سب سے زیادہ ہیں
845	سَیِّدُنَا خَیْرُ مَوْلُوْدٍ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	دنیا کے سب پیدا ہونے والوں میں بہترین ہستی
846	سَیِّدُنَا الْمُطَّلَعُ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	جنہیں بارگاہِ الٰہی سے غیب کی اطلاع ملتی ہے
847	سَیِّدُنَا الْمُضَاعَفُ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	جنہیں ہر عمل کا ثواب انگنت درجے بڑھا کر ملتا ہے
848	سَیِّدُنَا الْمُصَلِّیْ اِلٰی بَیْتِ الْمَقْدَسِ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے والے
849	سَیِّدُنَا الْمُغَشِّیْ اَهْلَهٗ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	کالی کملی میں اپنے اہل وعیال کو ڈھانپنے والے
850	سَیِّدُنَا مُعَمِّمُ عَلِیًّا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دستارِ فضیلت پہنانے والے
851	سَیِّدُنَا مَرْشُوْشُ الْقَبْرِ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم	جن کی قبر انور پر ہر دم تجلیاتِ الٰہی کا چھڑکاؤ ہوتا ہے

نغمہ تو لبِ اقبال سے ہے کیا جانے کس کی ہے یہ صدا
پیغامِ سکوں پہنچا بھی گئی دل محفل کا تڑپا بھی گئی

علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ



منقبت سیدۂ آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

واہ رتبہ تیرا سیدہ آمنہؓ
نور ہے آپ کا سیدہ آمنہؓ

سب رسولوں کا سلطان و سردار ہے
آپ کا لاڈلا سیدہ آمنہؓ


مومنہ مسلمہ سیدہ آمنہؓ
آپؓ پر ہم فدا سیدہ آمنہؓ

ساری توحید ہے تیری آغوش میں
آپؓ ملکہ ہیں جنت کی فردوس کی

سب فرشتوں کی جھکتی جبیں ہے جہاں
وہ ہے حجرہ تیرا سیدہ آمنہؓ

از ازل تا ابد پاک ہی پاک ہے
سب گھرانہ تیرا سیدہ آمنہؓ

کلام: صائم چشتی رحمۃ اللہ علیہ



سلام

یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک　　یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

رحمتوں کے تاج والے دو جہاں کے راج والے　　عاصیوں کی لاج والے عرش کی معراج والے

یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک

تم حبیب کبریا ہو اور امام الانبیاء ہو　　دو جہاں کے پیشوا ہو شافعِ روزِ جزا ہو

یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک

صدقۂ آل عبا دو میری بگڑی اب بنا دو　　ہوں گرا مجھے اٹھا دو سویا بھاگ اب جگا دو


یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک

ملے صدقہ سیدہ کا علی تاج اولیاء کا　　اور حسن مجتبیٰ کا سخی شاہِ کربلا کا

یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک

از طفیل غوث اعظم گنج بخش فیضِ عالم　　صدقۂ امام اعظم دور ہوں سبھی کے رنج و غم

یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک



دُعا

یاالٰہی ہر جگہ تیری عطا کا ساتھ ہو
جب پڑے مشکل شہِ مشکل کشا کا ساتھ ہو

یاالٰہی بھول جاؤں نزع کی تکلیف کو
شادیٔ دیدارِ حسنِ مُصطفٰے (ﷺ) کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب زبانیں باہر آئیں پیاس سے
صاحبِ کوثر شہِ جود و عطا کا ساتھ ہو

یاالٰہی گرمیٔ محشر سے جب بھڑکیں بدن
دامنِ محبوب کی ٹھنڈی ہوا کا ساتھ ہو


یاالٰہی نامۂ اعمال جب کھلنے لگیں
عیب پوشِ خلق ستّارِ خطا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب سرِ شمشیر پر چلنا پڑے
رَبِّ سَلِّم کہنے والے غمزدہ کا ساتھ ہو

یاالٰہی جو دُعائیں نیک میں تجھ سے کروں
قدسیوں کے لب پہ آمیں رَبَّنا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب رِضا خوابِ گراں سے سر اُٹھائے
دولتِ بیدار عشقِ مصطفٰے (ﷺ) کا ساتھ ہو

کلام: اعلیٰ حضرت امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ





اشہد ان محمداً رسول اللہ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں
بے شک (حضرت) محمد ﷺ اس کے بندے اور اس کے رسول ﷺ ہیں۔